© rasailojaraid.com





عبدالرشید عراقی

# امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقیؒ

## بسلسلہ محدثین کرام کی علمی خدمات

امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی خراسان کے شہر بیہق میں ۳۸۴ھ میں پیدا ہوئے[1]۔ ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں کے علمائے کرام سے حاصل کی۔ بعد ازاں تحصیلِ علم کے لیے عراق اور حجاز کے اہم شہروں بغداد، کوفہ اور مکہ معظمہ کا سفر کیا، اور ہر جگہ وہاں کے اساطینِ فن سے استفادہ کیا[2]۔

امام ابوبکر بیہقی کے حفظ، ضبط، عدالت و ثقاہت اور اتقان پر ائمہ فن کا اتفاق ہے۔ اربابِ سیر نے ان کو ثقہ اور قابلِ اعتماد لکھا ہے۔ اور 'الحافظ الکبیر' کے لقب سے موسوم کیا ہے[3]۔ حفظ و ضبط کی طرح معرفتِ حدیث میں عدیم المثال تھے۔ احادیث کے علل و اسقام کی تمیز میں غیر معمولی مہارت رکھتے تھے۔ حدیث اور اس کے متعلقات میں اس درجہ عبور ہونے کی بنا پر ان کا شمار نامور محدثین میں ہوتا ہے ــــ علامہ ابنِ عساکر (م ۵۷۱ھ) نے ان کو شیخ السنۃ اور علامہ ابن العماد الحنبلی (م ۱۰۸۹ھ) نے ان کو شیخِ خراسان کے لقب سے یاد کیا ہے[4]۔

امام بیہقی کی شہرت و مقبولیت ان کے حدیث میں مہارت تامہ کی وجہ سے ہوئی۔ مؤرخ ابنِ خلکان (م ۶۸۱ھ) لکھتے ہیں:

غلب علیہ علم الحدیث واشتھر بہ[5]

"ان پر علمِ حدیث خاص طور سے غالب تھا۔ اور اس میں انہیں نمایاں شہرت حاصل ہوئی"

حدیث کے علاوہ فقہ اور اصول فقہ میں بھی امام بیہقی مہارت تامہ رکھتے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھے اور اس میں ان کو مکمل عبور حاصل تھا۔ علامہ ابنِ عساکر (م ۵۷۱ھ) لکھتے ہیں کہ:

" امام ابو بکر احمد بن حسین بیہقی نے اپنی کتابوں میں علمِ حدیث وفقہ دونوں کے مسائل ومعلومات جمع کیے ہیں۔ اسی کے ساتھ عللِ حدیث، صحیح وسقیم روایات کی نشاندہی، احادیث کے درمیان جمع وتطبیق کے وجوہ اور فقہ واصول وغیرہ مختلف النوع مباحث بیان کیے ہیں۔[6]

علامہ ابن خلکان (م ۶۸۱ھ) لکھتے ہیں کہ:

" امام بیہقی علوم وفنون میں اپنے زمانہ اور اپنے معاصرین میں یکتا اور بے نظیر تھے۔"[7]

امام بیہقی کی فنی مباحث میں غیر معمولی تحقیق وتدقیق کا اعتراف کیا گیا ہے۔

محی السنۃ مولانا سید نواب صدیق حسن خاں (م ۱۳۰۷ھ) لکھتے ہیں:

تحقیقات در علوم بسیار دارد و در مباحثہ ومناظرہ غایت انصاف مرعی میداشت[8]

(علوم میں بڑی تحقیق سے کام لیتے تھے اور مباحثہ ومناظرہ میں انصاف کو پوری طرح ملحوظ رکھتے تھے۔)

امام بیہقی شافعی المذہب تھے۔ ان کو اس مذہب سے غیر معمولی شغف تھا۔ اور اس مذہب کی نشر واشاعت میں ان کا بہت بڑا حصہ ہے۔ ان کی ذات سے شافعی مذہب کو بڑا فائدہ پہنچا۔ علامہ ابن سبکی (م ۷۷۱ھ) لکھتے ہیں:

" کوئی شافعی المذہب ان کی تصنیفات سے بے نیاز نہیں رہ سکتا"[9]

حفظ وضبط، عدالت وثقاہت اور اتقان کی طرح زہد وورع اور عفت وقناعت بھی ان کی سیرت کا اہم جوہر تھے۔ علامہ ابنِ عساکر (م ۵۷۱ھ) لکھتے ہیں:

كان البيهقي على سيرة العلماء قانعاً من الدنيا باليسير متجملاً في زهده وورعه وبقي كذلك

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الی ان توفی[۱۰]

(امام بیہقی علمائے سلف کی طرح غیر معمولی اور تھوڑی چیز پر قانع اور زہد و ورع میں ممتاز تھے۔ وفات تک ان کا یہی حال تھا۔)

امام بیہقی نے ۷۴ سال کی عمر میں شنبہ ۱۰ جمادی الاولی ۴۵۸ھ کو نیشاپور میں انتقال کیا۔ اور اپنے آبائی گاؤں بیہق میں دفن ہوئے[۱۱]

## تصنیفات

امام بیہقی صاحب تصانیفِ کثیرہ تھے۔ ان کی تمام تصنیفات عمدہ اور جامع ہیں۔ علمائے کرام نے ان کی تصنیفات کی تعریف کی ہے۔ حافظ ابنِ کثیر (م ۷۷۴ھ) لکھتے ہیں کہ:

"امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی کی کتابوں کو مختلف شہروں میں بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ وہ اپنے زمانہ کے لوگوں میں تصنیف و تالیف میں یکتا تھے۔ ان کی چھوٹی بڑی تمام کتابیں بے نظیر اور مفید ہیں"[۱۲]

**شعب الایمان:** اس کا پورا نام الجامع المصنّف فی شعب الایمان ہے، اس میں امام صاحب نے صحیحین کی مشہور حدیث — "الایمان بضعٌ وَّ سبعُونَ شُعْبَۃً" کے مطابق ایمان کی ۷۷ شاخوں کی تفصیل و تشریح کی ہے۔ یہ کتاب دو جلدوں میں ہے۔

**کتاب معرفۃ السنن والآثار:** یہ امام صاحب کی مشہور کتاب ہے۔ اس کا موضوع احکام و مسائل ہے۔ اس کتاب کے شروع میں امام صاحب نے حدیث و سُنّت کی اہمیت، روایتِ اسناد میں احتیاط اور بعض ضروری فنی مباحث اجماع و اجتہاد، قیاس، عام و خاص، امر و نہی، دلیلِ خطاب اور ناسخ و منسوخ وغیرہ پر علمی و تحقیقی بحث کی ہے اور اس کے ساتھ امام شافعیؒ (م ۲۰۴ھ) کے حالات و کمالات اور اجتہادی مرتبہ پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**کتاب السنن:** اس کتاب کا نام سنن کبریٰ بھی ہے۔ یہ امام صاحب کی شہرۂ آفاق تصنیف ہے۔ صحاحِ ستّہ کے بعد جن کتابوں کو غیر معمولی شہرت اور بقائے دوام حاصل ہُوا، اُن میں یہ بھی شامل ہے۔ اس کے بارے میں حافظ ابنِ صلاح (م ۶۴۳ھ) لکھتے ہیں:

"ماتم کتاب فی السنة اجمع للادلة من کتاب السنن الکبریٰ للبیہقی کانه لم یترك فی سائر اقطار الارض حدیثا الاقد وضعه فی کتابه" [۱۳]

(دلائل کے لحاظ سے بیہقی کی سنن کبریٰ سے زیادہ جامع اور مکمل تصنیف حدیث و سنّت کے ذخیرہ میں موجود نہیں۔ گویا امام صاحب نے تمام حدیثوں کو چھان بین کر کے اس میں جمع کر دیا ہے۔)

مولانا ضیاء الدین اصلاحی رفیق دار المصنفین اعظم گڑھ لکھتے ہیں کہ:

"امام بیہقی کی سننِ کبریٰ مسائل و معلومات کا گنجینہ ہے۔ اس کے ابواب و تراجم فقہی مسائل ہی کے لحاظ سے قائم کیے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں ایک ایک حدیث سے مختلف مسائل کو مستنبط اور متعدد ابواب کی تفریع کی گئی ہے۔ اس میں امام بیہقی کے فقہی کمال اور اجتہادی مرتبہ کا اندازہ ہوتا ہے۔ صحابہ و تابعین کے آثار اور ائمہ مابعد کے اقوال و مسالک بھی جمع کیے گئے ہیں ۔۔۔ اور ضعیف و قوی اور مرجوح و راجح اقوال میں محاکمہ کیا گیا ہے۔ امام شافعی کے قدیم و جدید اقوال، شوافع کے اصول مذاہب اور دلائل خصوصیت سے ذکر کیے گئے ہیں۔ اسی لیے کہا جاتا ہے کہ یہ کتاب لکھ کر انہوں نے امام شافعی پر احسان کیا ہے۔ اس میں ان کی یہ خصوصیت بھی قابلِ ذکر معلوم ہوتی ہے کہ انہوں نے مختلف فیہ امور و مسائل کے متعلق صرف اپنے فقہی مسلک کی مؤید روایات و احادیث نقل کرنے پر اکتفا نہیں کیا ہے، بلکہ دوسرے مذہب کی مؤید حدیثوں کو بھی بیان کیا ہے۔" [۱۴]

(باقی صـ ۶۴ پر)

© rasailojaraid.com